# ڈائریکٹرز کی رپورٹ

برائے سال مختتمہ 30 جون 2026

انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز اپنی کمپنی کی رپورٹ مع آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے سال مختتمہ 30 جون 2026پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں۔

## بورڈ کی ساخت اور معاوضے

بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اس کی کمیٹیوں کی تشکیل سالانہ رپورٹ کے کارپوریٹ گورننس سیکشن میں صفحہ نمبر 141 اور 158 پر دی گئی ہے۔ ڈائریکٹرز کے معاوضے سے متعلق پالیسیز اور طریقہ کار، کمپنی کے غیر مجموعی مالیاتی اسٹیٹمنٹس کے نوٹ 36 میں دیا گیا ہے، جو کمپنیز ایکٹ 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے مطابق ہے۔

## عالمی معیشت

عالمی معیشت مستحکم رہی مگر موجودہ جیو پولیٹکل اور تجارتی غیر یقینی صورتحال میں نازک صورتحال سے دوچار ہے۔ ورلڈ اکنامک آؤٹ لک اپ ڈیٹ برائے جولائی 2026 میں انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ نے 2026 میں عالمی نمو 3٪ اور 2027 کے لئے 3.4٪ تک رہنے کی توقع ظاہر کی ہے۔ آؤٹ لک میں ٹیکنالوجی پر مبنی سرمایہ کاری کے مقابلے کے اثرات اور مشرق وسطیٰ میں تنازعات کے نتیجے میں ابھرنے والے توانائی کے اثرات کا ذکر کیا گیا ہے جبکہ کئی معیشتوں میں افراط زر کا دباؤ بڑھ رہا ہے۔

مشرق وسطیٰ کے تنازعات اور اہم توانائی اور شپنگ کے راستوں، خصوصاً آبنائے ہرمز اور ریڈ سی میں خلل سے آئل، مال برداری اور انشورنس کی لاگت کی تغیر پذیری میں اضافہ ہوا ہے جو عالمی تجارت اور سپلائی چین میں تنزلی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اگرچہ توانائی کی قیمتیں گزشتہ بلند سطح کے مقابلے میں کچھ مناسب ہوئی ہیں، مگر غیر یقینی کی کیفیت میں اضافہ برقرار ہے جو توانائی درآمد کرنے والوں اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لئے سرمایہ کاری میں رکاوٹ، مالیاتی سہولتوں میں تاخیر اور عدم توازن کی مشکلات کا بوجھ ڈال سکتی ہے۔

اس تناظر میں عالمی منظر نامہ طویل اور وسیع علاقائی تنازعات، تجارت کے تجدید شدہ ٹکڑوں اور مالیاتی مارکیٹ کی تغیر پذیری سے مشروط رہے گا۔ اس پس منظر میں کاروبار کے لئے، سپلائی چین کی استقامت، قیمتوں کو منظم کرنے اور مارکیٹ میں تنوع کو ترجیح جاری رکھی جائے گی۔

## ملکی معیشت

پاکستان کی معیشت گزشتہ سال حاصل کئے گئے میکرو اکنامک استحکام کو تقویت دینے کے عمل کو جاری رکھا۔ پاکستان اکنامک سروے 26-2025 کی رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 کے دس ماہ کے دوران میں زرمبادلہ کی شرح میں استحکام، مقامی سپلائی کی بہتر صورتحال اور از سرنو بیرونی توانائی کے دباؤ کے اثر سے پہلے اشیاء کی قیمتوں میں کمی کے سبب افراط زر میں بہتری آئی۔ آئی ایم ایف کے جولائی 2026 کے آؤٹ لک میں 2026 میں پاکستان کی اصل شرح نمو (جی ڈی پی) 3.6٪ کی توقع ظاہر کی گئی ہے جس سے معاشی سرگرمیوں میں بتدریج مضبوطی کا اظہار ہوتا ہے۔

اس کے باوجود آپریٹنگ کا ماحول بیرونی خدشات، خاص طور پر مشرق وسطیٰ کے تنازعات سے توانائی اور مال برداری کی قیمتوں میں اضافے کے علاوہ عالمی مالیاتی اور تجارتی تغیر پذیری کے زیر اثر رہا۔ تاہم پائیدار ترقی کے لئے مالی تنظیم، اسٹرکچرل اصلاحات، برآمدی مسابقت، مضبوط تر بیرونی حفاظتی عوامل (بفرز) اور مستحکم سرمایہ کاری کا جاری رہنا ضروری ہے۔

وسطی مدت میں میکرو اکنامک صورتحال میں بہتری، انفرا اسٹرکچر میں سرمایہ کاری، طریقہ کار کو ڈیجیٹل بنانے کا عمل اور صنعتی سرگرمیوں میں بتدریج بحالی سے نئے مواقع حاصل ہوں گے۔ آئی آئی ایل مالیاتی تنظیم برقرار رکھنے، اپنی مارکیٹ پوزیشن کو مضبوط تر کرنے اور ملکی اور بین الاقوامی مارکیٹس میں مواقع کا انتخاب کرنے پر توجہ مبذول رکھے گی۔

### اسٹیل کا عالمی منظر نامہ

عالمی سطح پر اسٹیل کی طلب میں کمی کا رجحان رہا اور 2026 میں اس میں معمولی سی بحالی کی توقع ہے۔ ورلڈ اسٹیل ایسوسی ایشن کے اپریل 2026 کے شارٹ رینج آئوٹ لک میں 2026 میں عالمی سطح پر اسٹیل کی طلب میں 0.3٪ یعنی تقریبا 1،724 ملین ٹن اور اس کے بعد 2027 میں 2.2٪ کی مضبوط نمو کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ 2026 میں چین کی اسٹیل کی طلب میں 1.5٪ کمی کا امکان ہے جو پراپرٹی کے شعبہ میں اصلاح کے باعث واقع ہوگی جبکہ انڈیا اور بعض ترقی پذیر مارکیٹس میں اسٹیل کی طلب نسبتاََ مستحکم رہے گی۔

عالمی سطح پر گنجائش سے زیادہ موجودگی، بڑے پیداواری ملکوں سے زیادہ برآمد اور تجارت میں تحفظ پسندی کے اقدامات میں اضافے کے سبب قیمتوں اور مارجن میں نمایاں اثر پڑ رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے تنازعات نے توانائی، مال برداری اور انشورنس کی لاگت کے علاوہ شپنگ کے اہم راستوں میں خلل سے غیر یقینی کیفیت میں اضافہ ہوا ہے اور متنوع ذرائع اور منظم انونٹری مینجمنٹ کی شدید ضرورت ہے۔

### اسٹیل ٹیوب اور پائپ کی صنعت

عالمی سطح پر ٹیوب اور پائپ کی صنعت سال بہ سال تقریبا 10٪ کی شرح سے 177.9 ملین میٹرک ٹن تک بڑھ گئی جس میں چین تقریبا 52٪ حصے کے ساتھ غالب رہا۔ پاکستان میں مارکیٹ سال بہ سال تقریبا 20٪ اضافے کے ساتھ تقریبا ایک ملین میٹرک ٹن رہی۔ حجم میں اضافے کے باوجود، مقامی طور پر مارکیٹ کے حصوں میں تقسیم ہونے، کم قیمت کم معیار کے متبادل اور متبادل کے طور پر پولیمر پروڈکٹس کے استعمال اور درآمد شدہ خام مال کی قیمتوں میں تغیرپذیری سے مقامی صنعت میں مارجنز پر دبائو برقرار رہا۔

### پولیمرز

اسٹرکچر کے لحاظ سے متبادل کے طور پر پولیمر کے انتخاب سے کمپنی کے پولیمر کے کاروبار کے فروغ میں مدد ملی جو پانی، گیس، نکاسی، ٹیلی کام اور ڈکٹنگ کی استعمال کے لئے پائپس اور فٹنگز پر مشتمل ہے۔ اس لحاظ سے کمپنی کے فراہم کی جانے والی پروڈکٹس کی رینج کو وسیع کرنے، تقسیم کاری کو تقویت دینے اور مارکیٹ میں زیادہ سے زیادہ جگہ بنانے پر توجہ مرکوز کی ہے۔

سال کے دوران میں خام تیل اور ریزن کی مارکیٹس میں تغیرپذیری اور مشرق وسطیٰ کے تنازعات کے سلسلے میں خام مال کی قیمتوں اور سپلائی چین پر اثرات مرتب ہوئے۔ انفرااسٹرکچر کی طلب اور مقامی میکرو اکنامک حالات میں بہتری کے سبب مستقبل کا منظر نامہ محتاط طور پر مثبت رہنے کی توقع ہے۔

### حکمت عملی، مقاصد اور کارکردگی کے اہم اشاریئے

کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کے ساتھ طویل المدت اقدار کی تخلیق کے لئے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں صارف پر توجہ، آپریشنز کی مہارت، جدت، ذمہ دارانہ نمو اور پروڈکٹس اور پروسیسز میں مسلسل بہتری پر بھرپور توجہ دی جاتی ہے۔ حکمت عملی، مقاصد اور کارکاردگی کے اہم اشاریئے اور تفصیلات سالانہ رپورٹ کے صفحہ 96 پر دی گئی ہیں۔

### ESGکی رہنما ہدایات کے مطابق پائیداری اور عمل درآمد

مالی سال 2026 کے دوران میں آئی آئی ایل نے اپنی ماحولیات، سماجی اور گورننس (ای ایس جی) کے فریم ورک کو خوب سے خوب تر بنانے کا عمل جاری رکھا اور یسرز کرائو حسین چوہدری اینڈ کمپنی کو بطور ای ایس جی کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی گئیں جو ای ایس جی کے جامع لائحہ ء عمل کی تیاری اور نفاذ میں مددگار ہوں گے۔ ان کے کاموں میں استحکام کے موجودہ معمولات کی جانچ، ای ایس جی کے مادی خدشات اور مواقع کی نشاندہی، لاگو ضوابط کی ضروریات اور تسلیم شدہ رپورٹنگ فریم ورکس سے ہم آہنگی اور گورننس اور نگرانی کے طریقہ کار میں بہتری لانا شامل ہے۔

اس اقدام سے، کمپنی کا مقصد ای ایس جی کی تشہیر کے معیار میں بہتری لانا، ماحولیاتی ذمہ داریوں اور سماجی فرائض پر عمل کو مضبوط کرنا، نیز حکمت عملی،

خدشات کی مینجمنٹ اور فیصلہ سازی میں پائیداری کے تقاضوں کو ملحوظ رکھنا شامل ہے۔

## کمپنی کے آپریشنز

### ہماری مصنوعات

ائی آئی ایل پاکستان میں ٹیوبز اور پائپس کے مینوفیکچررز میں سرفہرست ہے جو پروڈکٹ پورٹ فولیو کی ایک وسیع رینج پیش کرتے ہیں جن میں گیلونائز آئرن (جی آئی) پائپس، کولڈ رولڈ (سی ار) ٹیوبز، استین لیس اسٹیل ٹیوبز اور پائپس، ہالو اسٹرکچرل سیکشنز (ایچ ایس ایس)، بلیک اینڈ سکیفولڈنگ پائپس اور پولیمر پائپس اور فٹنگس شامل ہیں۔ کمپنی اپنے انجینئرنگ سلوشن ڈویژن کی جانب سے خاص صنعتوں میں استعمال کے لئے صارف کی ضرورت کے مطابق، اضافی فوائد کے سلوشنزپیش کرتی ہے۔ ائی ائی ایل برانڈ معیار، بھروسے اور صارف کے برسوں کے اعتماد کی علامت ہے۔

### برانڈ کی جدید شناخت

مالی سال 2026 کے دوران میں کمپی نے اپنے وژن اینڈ مشن اسٹیٹمنٹس، مجموعی اقدار اور برانڈ کی شناخت کی جامع تجدید کے ذریعے اپنی حکمت عملی کی علامت کے برانڈ میں تبدیلی کی۔ اس کے بعد ایک مربوط، تحقیق پر مبنی اور خصوسی طریقہ کار کے تحت ایمپلائز، کسٹمرز، بزنس پارٹنرز، شیئر ہولڈرز اور دیگر اہم اسٹیک ہولڈرز کے نقطہ نظر کو شامل کیا گیا تاکہ ایک طویل حکمت عملی کی سمت ، مقصد اور امنگوں کے مطابق کمپنی کی شناخت اجاگر کی جائے۔

برانڈ کی یہ جدید شناخت آئی آئی ایل کے جدت، پائیداری اور کسٹمر پر توجہ، آپریشنز کی مہارت اور ذمہ دارانہ کاروباری امور کے عزم کی تجدید ہے جبکہ یہ اداراتی کلچر کو مضبوط تر کرنے، اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور پائیدار اقدار کی تخلیق کا مربوط پلیٹ فارم ہے۔

### مجموعی فروخت

فروخت کی آمدنی ٪16 اضافے کے ساتھ 29.1 بلین روپے ہوئی (مالی سال 2025: ـ 22.1 بلین روپے)، جو بنیادی طور پر پروڈکٹ کے نئے شعبہ میں زیادہ حجم کے باعث حاصل ہوئی، نیز ایچ آر ایس، مقامی مارکیٹ میں تقسیم کاری کے چینل کے نیٹ ورک میں توسیع اور اداراتی اور ٹینڈر کے کاروبار کے ذریعے حاصل ہوئی۔ آپریٹنگ میں چیلنجز کے ماحول کے باوجود، کمپنی نے کسٹمر فرسٹ کی حکمت عملی کے ذریعے اپنا مارکیٹ شیئر بحال کر لیا۔ تاہم برآمدی مارکیٹس میں انتہائی مسابقت کا ماحول رہا کیونکہ بڑی معیشتوں نے تجارتی تحفظ پسندی کے اقدامات کو مزید مضبوط کیا۔

### مقامی فروخت

مقامی فروخت ٪18 اضافے کے ساتھ 0۔26 بلین روپے ہوئی (2025: 22.0 بلین )، جبکہ حجم ٪40 اضافے کے ساتھ تقریبا 98،000 میٹرک ٹن رہا۔ کمپنی نے پولیمر میں، خاص طور پر پی پی آر سی ایچ ڈی پی ای اور ایم ڈی پی ای کے شعبہ جات میں اپنی پوزیشن مضبوط کر لی۔ اور توقع ہے کہ پبلک کے شعبہ اور انفرا اسٹرکچر سے متعلق طلب سے مزید مواقع حاصل ہوں گے۔

کمپنی اپنی تقسیم کاری کے دائرے کو توسیع دینے اور تجارتی اور اداراتی صارفین کے ساتھ رابطوں کو مزید مضبوط بنانے میں مسلسل کوشاں ہے، جس کے لئے ملک بھر میں اہداف مقرر کرنے، تقریبات کے انعقاد، اسپانسر شپس اور براہ راست کسٹمر کی شمولیت وغیرہ شامل ہیں۔

### انجینئرنگ کے سلوشن

کمپنی نے سولر پاور انڈسٹری کے لیے اضافی فوائد والے کوٹڈ اسٹیل اسٹرکچرل سلوشن کو کامیابی کے ساتھ توسیع دی جس سے 494 ملین روپے کی آمدنی حاصل ہوئی جو نمو کا تقریبا ٪40 ہے۔ توقع ہے کہ اس شعبہ سے مزید افزائش کے مواقع فراہم ہوں گے۔ اس کے علاوہ تعمیرات، انجینئرنگ اور زراعت کے شعبہ جات کے لئے مزید سلوشن تیاری کے مراحل میں ہیں جو خصوصی صارفین اور صنعت کی ضروریات کے مطابق پیش کئے جائیں گے۔

## برآمدی اسٹیل کی فروخت

امریکہ کی جانب سے اسٹیل کی درآمد پر 50٪ سیکشن 232 ٹیرف مع دیگر مارکیٹس میں تحفظ پسندی کے اقدامات سے عالمی سطح پر اضافی سپلائی، تجارتی انحراف اور قیمت کی تغیرپذیری واقع ہوئے۔ ان چیلنجز والے حالات میں، کمپنی نے تقریباً3 بلین روپے کی برآمدات کی جو کے (11.1 ملین) امریکی ڈالر ہیں۔

## آئی آئی ایل اسٹریلیا پی ٹی وائی لمیٹڈ، میلبورن، آسٹریلیا

آئی آئی ایل اسٹریلیا پی ٹی وائی لمیٹڈ، ایک کل ملکیتی ذیلی ادارہ ہے، جو کمپنی کو آسٹریلیا کی پختہ مارکیٹ میں کمپنی کی نمائندگی کرتا ہے۔ سخت مسابقتی صورتحال میں ، بشمول صارفین کے لئے فری ٹریڈ کے انتظام سے فائدہ اٹھانے کے باعث اسٹیل کی فروخت کم رہی۔ خالص فروخت کم ہوکر 2۔4 ملین امریکی ڈالر تک آگئی (2025: 5.2 ملین امریکی ڈالر) ۔ سال کے دوران میں وسعت کی حکمت عملی کے طور پر ذیلی کمپنی نے فوڈڈسٹری بیوشن کے کاروبار میں شمولیت اختیار کی۔

## آئی آئی ایل امریکاز انکارپوریٹڈ، ٹورنٹو، کینیڈا

کینیڈین اسٹیل مارکیٹ تجارتی تناؤ اور زیادہ سخت درامدی کنٹرول کے باعث چیلنج کی صورتحال سے پارٹنرز سے اسٹیل کی درآمد کے لئے کینیڈا کے شرح سود کی حدبندی دوچار رہی۔ بشمول آزادانہ تجارت کے معاہدے میںNON-CUSMA کے نظام شامل نہ ہونے والے ممالک کے لئے کوٹہ کے حجم میں کافی حدتک کمی اور درج بالا کوٹہ کی درآمد پر 50٪ سرٹیکس کے سبب مارکیٹ تک رسائی اور بڑھنے کے مواقع کو ختم کردیا۔ اس کے نتیجے میں ذیلی کمپنی کی فروخت 8۔1ملین امریکی ڈالر کی حدتک کم ہوگئی۔(2025: 3.1 ملین امریکی ڈالر)

## آئی این آئی ایل یورپ لمیٹڈ، آئرلینڈ

آئی این آئی ایل یورپ لمیٹڈ، جو 2025 میں قائم ہوئی تھی، کمپنی کو یورپین یونین میں کاروبار کے فروغ میں پلیٹ فارم فراہم کرنے کے علاوہ علاقائی صارفین سے رابطے قائم کرنے اور ضابطہ جاتی صلاحیت کو مضبوط کرنے میں مدد دیتی ہے۔یورپین یونین کاربن بارڈر ایڈجسٹمنٹ مکینزم (سی بی اے ایم ) نے یکم جنوری 2026 کو اپنا حتمی نظام قائم کردیا اور درآمدات بشمول آئرن اور اسٹیل پروڈکٹس کو ضابطے میں شامل کرکے کاربن سے متعلق ان کی تعمیل اور مالیاتی ذمہ داریوں سے متعارف کروایا۔ملک کے خصوصی تجارتی اقدامات کے ساتھ ان شرائط سے توقع کی جاسکتی ہے کہ مارکیٹ تک رسائی زیادہ وقت طلب ہوجائے گی۔ذیلی کمپنی نے اپنے آپریشنز کے پہلے سال میں 0۔1 ملین امریکی ڈالر کی فروخت کی۔

## آئی آئی ایل ٹریڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پاکستان

آئی آئی ایل ٹریڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایک کل ملکیتی ذیلی کمپنی ہے جس کے آپریشنز کا آغاز یکم جنوری 2025 کو ہوا۔مالی سال 2026 کے دوران میں، اس نے کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں ڈسپلے سینٹرز کے ذریعے اپنی مارکیٹ میں موجودگی کو توسیع دی اور تسلسل کے ساتھ صنعت اور تعمیرات سے متعلق پروڈکٹ کی اقسام کو فروغ دیا۔ ذیلی کمپنی نے 520 ملین روپے کی خالص فروخت ریکارڈ کی (مالی سال 2025: 70.9 ملین روپے) جو کمیشن کی آمدنی کے علاوہ ہے۔

## تحفظ، صحت اور ماحولیات

کمپنی تحفظ، صحت اور عوام کی فلاح و بہبود اور اپنے آپریشنز پر ماحولیات کے اثر کو کم سے کم کرنے پر مسلسل زور دیتی ہے۔اس سلسلے میں پورے سال کے دوران میں تحفظ پروگرام کئے جاتے ہیں جن میں آپریشنل اور رویوں، دونوں پہلوئوں کا احاطہ کیا جاتا ہے اور پھر اسے مینوفیکچرنگ کی تمام لوکیشنز پر نافذ کیا جاتا ہے۔ کمپنی کی 4 میگا واٹ سولر پاور کی سہولت اپنی تینوں مینوفیکچرنگ سائٹس پر صاف توانائی فراہم کرتی ہے، جبکہ رین واٹر ہارویسٹنگ پائلٹ پروجیکٹ سے زمینی پانی کو ری چارج کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## مینوفیکچرنگ

کمپنی اپنی مینوفیکچرنگ کی استعداد کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے مختلف اقدامات پر عمل کرتی ہے جن میں توانائی کی مینجمنٹ، زیاں میں کمی پیداوار کی پروسیس اور افرادی قوت کی صلاحیت پر زور دیا جاتا ہے۔ افراط زر کے دباؤ کے باوجود، فی ٹن مینوفیکچرنگ کی لاگت میں 14٪ کمی آئی۔تمام تینوں منوفیکچرنگ کے مقامات پر سولر پاور پلانٹس نصب کئے گئے ہیں جن کی مجموعی گنجائش 4 میگا واٹ ہے جو لاگت میں مزید بہتری لانے اور کمپنی کے پائیدار مقاصد میں معاون ہے۔

## مالیاتی نتائج

سال کے دوران میں کمپنی نے 29.1 بلین روپے کی خالص فروخت کی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں ٪16 زیادہ ہے۔ مجموعی منافع 4,029 ملین روپے ہوا اور قبل از ٹیکس منافع 2,414 ملین روپے رہا جبکہ بعد از ٹیکس منافع 1,603 ملین روپے ہوا جس کے نتیجے میں فی شیئر آمدنی 12.16 روپے ہوئی۔ بہتر فروخت، لاگت کی اصلاح اور ذیلی کمپنیوں اور سرمایہ کاری سے زائد منافع میں بہتری آئی۔

فروخت کی قیمت 1۔25 بلین روپے ہوئی جو سیلز کا تقریبا ٪86 ہے۔ فروخت اور تقسیم کاری کے اخراجات ٪31 اضافے کے ساتھ 1,744 ملین روپے ہوئے جو بڑی حد تک زیادہ حجم، سال کے آخری حصے میں فیول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور برانڈ کی نئی شناخت سے متعلق مارکیٹنگ کے اضافی اخراجات پر مبنی ہیں۔ انتظامی اخراجات ٪16 اضافے کے ساتھ 508 ملین روپے ہوے جو آپریٹنگ کی لاگت پر افراط زر کے دباؤ کا اظہار کرتے ہیں۔

دیگر آمدنی ٪52 اضافے کے ساتھ 1,314 ملین روپے ہوئی جس کی بڑی وجہ ڈیویڈنڈ کی زیادہ آمدنی اور زرمبادلہ کا نسبتا مستحکم ہونا تھی۔ مالیاتی لاگت میں ٪4 کمی ہوئی جو 583 ملین روپے رہی، جس کی بنیادی وجہ جاری سرمایہ کاری کی منظم مینجمنٹ اور زیادہ مستحکم شرح سود کا ماحول تھی۔

## نقد بہاؤ کی مینجمنٹ اور قرضہ کے حصول کی حکمت عملی

سال کے دوران میں دانشمندانہ لیکویڈیٹی اور جاری سرمایہ کی مینجمنٹ ہماری بنیادی مالیاتی ترجیح رہی۔ کمپنی نے اپنی توجہ انونٹری کی منظم مینجمنٹ، نقدی کا تحفظ اور سرمایہ کے کنٹرول شدہ اخراجات تھی جبکہ ذیلی کمپنیوں نے اپنی متعلقہ حدود میں جاری سرمایہ کاری کی حدود کو اضافی طور پر منظم رکھا۔

کمپنی نے قرضہ اور ایکویٹی کے درمیان شرح کو تقریبا ٪69 تک رکھا۔ انتظامیہ نے فنڈنگ کے ذرائع کے حصول کا بہترین تناسب جاری رکھا، جس سے مالیاتی لاگت میں کمی رہی اور مناسب لیکویڈیتی برقرار رہی جس سے معاون کاروباری ضروریات اور حکمت عملی پر مبنی سرمایہ کاری کو مدد ملی۔

## ڈیویڈنڈ

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مالیاتی سال مختتمہ 30 جون 2026 کے لئے حتمی نقد ڈیویڈنڈ 5 روپے (٪50) برائے 10 روپے والے فی عمومی شیئر کے حساب سے ادائیگی کی سفارش کی ہے۔ (2025: 4 روپے) جو سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط ہے۔

## تخصیص

| روپے ’000 میں | 2026 | 2025 |
|---|---|---|
| بعد از ٹیکس منافع برائے سال | 1,603,226 | 1,104,3241 |
| عبوری ڈیویڈنڈ ۔ 2.00 روپے فی شیئر (2025: کچھ نہیں) | (263,764) | -- |
| حتمی ڈیویڈنڈ ۔ 5.00 روپے فی شیئر (2025: 4.00 روپے فی شیئر ) | (659,409) | (527,528) |

## آڈیٹرز

بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ نے مالی سال 2027 کے لئے اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا دوبارہ بطور بیرونی آڈیٹرز تقرر کیا ہے جو شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط ہے۔ اس حوالے کے لئے کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے مطابق عمل درآمد کے لئے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی رپورٹ کے صفحہ 163 پر ملاحظہ کریں۔

## معلومات کا نظام

کمپنی نے اپنی ٹیکنالوجی انفرا اسٹرکچر کو مضبوط کرنے اور ایڈوانس پروسیس آٹومیشن اور ڈیجیٹلائزیشن کا عمل جاری رکھا۔ سال کے دوران میں کئے گئے اقدامات میں ای آرپی انوائرنمنٹ میں مزید اضافہ اور انضمام، بارکوڈ پر مبنی انونٹری کنٹرولز کا نفاذ، ٹرانسپورٹ مینجمنٹ سسٹم کا رئیل ٹائم شپمنٹ ٹریکنگ، تعین کرنا اور ای انوائسنگ اور کسٹمر فیڈبیک کے لئے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز حاصل کرنا شامل ہے۔ یہ اقدامات آپریشنز کے واضح نظر آنے، کنٹرول، استعداد اور کسٹمر کے رد عمل کی غرض سے کئے گئے ہیں۔

## سماجی تاثر

آئی آئی ایل اپنے سماجی اجتماعی شہری کے کردار کے لئے پرعزم ہے اور مستقل طور پر سماجی، فلاحی اور ماحولیاتی سرگرمیوں کے ذریعے کمیونٹیز کو تعاون فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ ان سرگرمیوں کا ایک تفصیلی جائزہ کمپنی کی سسٹین ایبلٹی رپورٹ میں پیش کیا گیا ہے۔

## ہیومن ریسورس مینجمنٹ

ہمارے افراد آئی آئی ایل کی دیرپا کامیابیوں کے لئے مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ کمپنی ایک اعلیٰ کارکردگی اور مستقبل کے لئے تیار افرادی قوت تشکیل دینے کے لئے مسلسل سرگرم عمل ہیں جس میں سیکھنے، قائدانہ صلاحیت ابھارنے، ایمپلائیز کی شمولیت ، تنوع، کارکردگی کی مینجمنٹ اور فلاحی کام شامل ہیں جبکہ افرادی سرمایہ کی ترجیحات کو کمپنی کی حکمت عملی کے مقاصد کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔

## سیکھنا اور آگے بڑھنا

کمپنی کا اپنا ایک کلچر ہے جس کے تحت منظم صلاحیت اور اہلیت کو ابھارنے کے اقدام کے ذریعے مسلسل سیکھنے کا عمل جاری رہتا ہے۔ ان پروگراموں میں ابھرتے ہوئے باصلاحیت افراد کے لئے نیکسٹ جن، حکمت عملی کی قیادت کا فروغ اور ہنر پر مبنی عملی اہلیت کے پروگرام شامل ہیں۔ ایمپلائز نے معروف اداروں، جیسے LUMSمیں بھی سیلز فورس مینجمنٹ، بنیادی اکاؤنٹ مینجمنٹ اور مینجمنٹ ڈیولپمنٹ پروگرام کے کورسز میں شرکت کے ذریعے کمرشل، مینجیریل اور لیڈرشپ کی اہلیت کو مضبوط کرنے کی کوشش کی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور بین الاقوامی بہترین مشقوں سے سیکھا۔

## ٹیلنٹ مینجمنٹ

اس کے علاوہ کمپنی کے اندر مستقبل کے قائدین کو تیار کرنا کمپنی کی صلاحیت کی حکمت عملی ہے۔ ایک تشکیل شدہ وراثت کی پلاننگ کے طریقہ ء کار کے ذریعے اعلیٰ صلاحیتون کے حامل ایمپلائز کی شناخت کی جاتی ہے اور ان کو ہدف پر مبنی ڈیولپمنٹ، رہنمائی اور مختلف شعبوں کے تجربے کے ذریعے اہم کردار کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ اندرونی طور پر تبادلوں اور ترقی کے ذریعے کارکردگی اور امکانات کی جانچ کی جاتی ہے اور پھر ایک بامقصد کیریئر کا راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔

## ایمپلائز کی مصروفیات

کمپنی نے ایمپلائز کی فلاح، اشتراک اور مصروفیت کے لئے تمام لوکیشنز پر تفریحی اور ٹیم سازی کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا۔ اداراتی اقدار، اہلیت اور غیر معمولی عمل کے ساتھ ساتھ اچھے رویئے کا مظاہرہ کرنے والے ایمپلائز کے اعتراف کے لئے اسپاٹ آن پروگرام متعارف کروایا گیا۔

## تنوع، عدل و انصاف اور شمولیت

ایک ایسی کام کی جگہ بنانے کی کوشش رہی جہاں متنوع صلاحیت کے حامل افرد اپنی صلاحیتوں کو ابھار سکیں اور کامیاب ہو، جو کمپنی کی لوگوں کے لئے حکمت عملی کا اہم جزو ہے۔ آئی آئی ایل میں صنف کی تنوع کا جدید نظام موجود ہے جس کے تحت بھرتی، ڈیولپمنٹ اور کیریئر میں آگے بڑھنے کے لئے برابر کے مواقع موجود ہیں۔ ڈبلیو آئی ایس ای (ویمن ان سائنس اینڈ انجینئرنگ) کے اقدام سے پروفیشنل خواتین کو رہنمائی، ٹیکنیکل ڈیولپمنٹ اور لیڈرشپ کے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں اور سال کے دوران میں خواتین انجینئرز کے دوسرے گروہ پر پہنچنے پر مزید ترقی دی گئی۔

کمپنی نے خواتین مینجمنٹ ٹرینیز تقرر کیا ہے جو مختلف امور بشمول ہیومن ریسورسز، فنانس اینڈ سیلز، میں کام کریں گی اور نوجوان باصلاحیت لڑکیوں کو جامع ڈیولپمنٹ کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔

## کارکردگی کی تنظیم اور ایمپلائی کی حوصلہ افزائی

کمپنی نے کارکردگی پر مبنی کلچر کو ایک تشکیل شدہ کارکردگی کی مینجمنٹ فلاسفی کے ذریعے مضبوط کرنے کا عمل جاری رکھا ہے جو فرد کو کاروباری ترجیحات کے ساتھ تشکیل شدہ کارکردگی کو عملی مقاصد سے ہم آہنگ کرتا ہے۔ تمام کاموں میں واضح اہداف اور کارکردگی کے اشاریئے قائم کئے جاتے ہیں جس کو باقاعدگی کے ساتھ فیڈ بیک کے ساتھ منسلک کیا جاتا ہے اور کارکردگی، خدمات اور اداراتی اقدار سے متعلق ایک انعام کا نظام منسلک ہے۔

## ہنر مندی کی نشوونما ۔ سونے کا اعترافی ایوارڈ

کمپنی کو افرادی قوت کی صلاحیتوں کی نشوونما کے عزم کے اعتراف میں ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان کی جانب سے سونے کا اعترافی ایوارڈ دیا گیا ہے۔ اس اعتراف سے آئی آئی ایل کے اپرنٹس شپس اور گریجویٹ ٹرینی پروگرامز، آن جاب لرننگ، ٹیکنیکل اور خوش اخلاقی کی ٹریننگ، لیڈرشپ ڈیولپمنٹ، صنعتی و تعلیمی اداروں کا اشتراک اور مسلسل سیکھنے کے عمل کی عکاسی کرتا ہے۔

## ایمپلائی آف دی ایئر ۔ ڈائمنڈ ریکوگنیشن ایوارڈ

آئی آئی ایل کو نیشنل کیٹگری (لارج مینوفیکچرنگ سیکٹر) ایمپلائیر آف دی ایئر ۔ ڈائمنڈ ریکوگنیشن ایوارڈ بھی دیا گیا۔ یہ ایوارڈ ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان کی جانب سے 11ویں ایمپلائر آف دی ایئر ایوارڈ 2025 کی تقریب میں دیا گیا۔ یہ اعتراف کمپنی کی گورننس، افراد کی مینجمنٹ، ایمپلائیز کی مصروفیات، صلاحیتوں کی نشوونما، پیشہ ورانہ صحت اور تحفظ، تنوع اور شمولیت، ایمپلائز کی فلاح اور ذمہ دارانہ کاروباری رویئے کی عکاسی کرتا ہے۔

## قومی خزانے میں حصہ

کمپنی نے، جو لارج ٹیکس پیئر یونٹ (ایل ٹی یو) کے ساتھ رجسٹرڈ ہے، مالی سال کے دوران میں انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور دیگر محصولات کی مد میں قومی خزانے میں تقریباً 6.9 بلین روپے جمع کرائے۔

## اندرونی کنٹرول کا فریم ورک

کمپنی کا اندرونی کنٹرول کا فریم ورک موجود ہے جو اثاثہ جات کی حفاظت، بھروسہ مند مالیاتی رپورٹنگ کی مدد اور منظور شدہ پالیسیز اور پروسیجرز کے ساتھ عمل درآمد کو فروغ دیتی ہے۔ مزید تفصیلات سالانہ رپورٹ کے صفحہ 154 پر دی گئی ہیں۔

## خدشات، مواقع اور تدارک کی رپورٹ

انتظامیہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے مشورے سے، کمپنی کی تخمینہ لگانے، اور حکمت عملی کے رد عمل، آپریشنل، مالیاتی اور ابھرنے والے خدشات اور مواقع کی شناخت کرنے کی اہلیت کو مضبوط کرنے کا عمل جاری رکھتی ہے۔ خدشات اور مواقع کی ایک جامع رپورٹ صفحہ نمبر 114 پر درج ہے۔

## اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تعلقات

کمپنی اپنے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مثبت تعلقات قائم رکھنے کے لئے پرعزم ہے اور ایک شفاف، بروقت اور کھلے ذہن کے ساتھ میل جول رکھتی ہے۔ ملاقات کے طریقہ کار میں سی ای او کی سربراہی میں ٹاؤن ہالز اور دیگر رسمی اور غیر رسمی چینل استعمال کئے جاتے ہیں جو ادارے اور اہم اسٹیک ہولڈر گروپس کے ساتھ باہمی گفت وشنید پر مبنی ہوتے ہیں۔

## سہ ماہی اور سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس

سہ ماہی غیر آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور ڈائریکٹرز کی جائزہ رپورٹ معینہ مدت میں منظور کی گئی اور تقسیم کردی گئی۔ ششماہی مالیاتی اسٹیٹمنٹس بیرونی آڈیٹرز کے محدود جائزے سے مشروط تھے، جبکہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس، جو بورڈ سے منظور شدہ ہیں، شیئر ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام میں پیش کردیئے جائیں گے۔ مالیاتی اسٹیٹمنٹس چیف ایگزیکٹیو آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر سے توثیق شدہ ہوتے ہیں اور لاگو قانونی اور ضوابط کی شرائط کے مطابق ان کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

## چیف فنانشل آفیسر، کمپنی سیکرٹری اور ہیڈ آف انٹرنل آڈٹ

چیف فنانشل آفیسر اور ہیڈ آف انٹرل آڈٹ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط 2019 کی شرائط کے مطابق اہلیت کے حامل ہیں جبکہ کمپنی سیکرٹری کمپنیز ایکٹ 2017 کی شرائط کے مطابق اہلیت رکھتا ہے۔ ان کی تقرری بورڈ کرتا ہے جو تقرر، معاوضہ اور شرائط و ضوابط تعین لاگو شرائط کے مطابق کی جاتی ہے۔

## عمل درآمد

کمپنی کارپوریٹ گورننس، اخلاقی برتاؤ اور ضوابط کی پیروی کے اعلیٰ معیارات کی پابندی کے لئے پر عزم ہے۔ بورڈ باقاعدگی کے ساتھ کمپنی کی حکمت عملی کی سمت اور آپریٹنگ کی کارکردگی کا جائزہ لیتا ہے، جب کہ بورڈ آڈٹ کمیٹی مالیاتی رپورٹنگ، اندرونی کنٹرولز، ان پر عمل درآمد اور متعلقہ پارٹی کے ساتھ لین دین کی نگرانی کرتا ہے اور جہاں ضرورت ہو بورڈ کو پیش کرنے سے پہلے اس کا جائزہ لیتا ہے۔

## کریڈٹ ریٹنگ

کریڈٹ ریٹنگ کمپنی لمیٹڈ نے کمپنی کی بطور ادارہ 'ڈبل اے، / اے ۔ ا

VIS (ڈبل اے مائنس ' اے ون) مع مستحکم مستقبل کا درجہ دیا ہے جو کمپنی کے مالیاتی پروفائل اور آپریٹنگ کی صورتحال کی عکاسی کرتا ہے۔

## سرمایہ کاری

کمپنی انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ (آئی ایس ایل) میں 56.33٪ ایکویٹی اسٹیک کی اور صف اول کے کاپر راڈزز، وائر اور کیبلز بنانے والے پاکستان کیبلز لمیٹڈ (پی سی ایل) میں 17.12٪ کی شراکت رکھتی ہے۔

کمپنی کی آئی آئی ایل آسٹریلیا پی ٹی وائی لمیٹڈ، آئی آئی ایل امریکاز آئی این سی، آئی آئی ایل ٹریڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ اور آئی این آئی ایل ۔ یورپ لمیٹڈ کے نام سے چار کل ملکیتی ذیلی کمپنیاں بھی ہیں۔ ان کے علاوہ آئی آئی ایل چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ (سی ای سی ایل) میں 17٪ ایکویٹی کی شراکت رکھتی ہے اور نئی قائم ہونے والی کمپنی سی ایف ایس منرلز (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں 33.33٪ کی شراکت دار ہے۔

## چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی جانب سے بائی بیک آفر

سی ای سی ایل میں آئی آئی ایل کی 48.45 ملین روپے کی اصل سرمایہ کاری سے خاطر خواہ منافع حاصل ہوا، جس میں 163.20 ملین روپے کے منافع منقسمہ کے علاوہ اہم براہِ راست اور بالواسطہ کاروباری مواقع بھی شامل ہیں۔ سی ای سی ایل کی خریداری اور سپلائی سے متعلق سرگرمیاں بڑی حد تک مکمل ہو چکی ہیں، جس کے باعث یہ سرمایہ کاری اپنے مقاصد بڑی حد تک حاصل کر چکی ہے۔ چنانچہ، کمپنی نے 350 ملین روپے کے بائی بیک معاوضے پر مذاکرات کیے ہیں، جو تقریباً 72.24 روپے فی شیئر کے مساوی ہے۔ مجوزہ لین دین کے نتیجے میں قبل از ٹیکس تقریباً 301.55 ملین روپے کا متوقع منافع اور مجموعی طور پر تقریباً 513.20 ملین روپے کی نقد وصولی متوقع ہے، جس میں پہلے سے وصول شدہ منافع منقسمہ بھی شامل ہے۔ اگست 20، 2026 کو منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 387 ویں اجلاس میں، بورڈ نے سفارش کی کہ سی ای سی ایل کی جانب سے پیش کردہ مجوزہ بائی بیک آفر کو تمام قابلِ اطلاق قانونی اور ضابطہ جاتی تقاضوں کی تکمیل اور مطلوبہ منظوریوں کے حصول سے مشروط، منظوری کے لیے شیئر ہولڈرز کے سامنے پیش کیا جائے۔

## مستقبل کے امکانات

مالی سال 2027 کا منظرنامہ محتاط طور پر مثبت ہے، اگرچہ عالمی سطح پر جیو پولیٹکل، توانائی اور تجارتی خدشات کے برقرار رہنے کی توقع ہے۔ مقامی میکرو اکنامک کے مستحکم ہونے اور صنعتی اور انفرا اسٹرکچر سرگرمی میں بتدریج بحالی سے طلب کو مدد مل سکتی ہے، جبکہ بین الاقوامی مارکیٹس حفاظتی اقدامات، اسٹیل کی اضافی دستیابی، مال برداری کی تغیر پذیری اور کاربن سے متعلق شرائط میں بڑھتی ہوئی شدت کے زیر اثر رہیں گی۔

کمپنی پروڈکٹ کی تنوع، صارف پر توجہ، آپریشن کی استعداد، سرمایہ کی منظم تفویض اور اضافی فوائد کے حصوں میں منتخب توسیع کے ذریعے مستحکم ترقی کے عمل کو جاری رکھے گی۔ جدت، ڈیجیٹلائزیشن، ری نیو ایبل انرجی اور ای ایس جی کی اہلیت کے ساتھ توقع ہے کہ ہم لچک اور مسابقت کو مضبوط سے مضبوط تر کریں گے۔

متنوع پروڈکٹ پورٹ فولیو، مستحکم مقامی مارکیٹ پوزیشن اور بین الاقوامی سطح پر موجودگی کے ساتھ، آئی آئی ایل نے قریب المدت صورتحال سے نمٹنے پر توجہ مرکوز رکھی ہے جبکہ شیئر ہولڈرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے لئے مستحکم طویل المدت اقدار فراہم کرنے کے لئے درکار صلاحیتوں کو بروئے کار لا رہے ہیں۔

## اعتراف

بورڈ، کمپنی کے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، ایمپلائز، بینکرز، سپلائرز، بزنس پارٹنرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ہم پر مسلسل بھروسے، خلوص اور تعاون کے لئے ان کا شکر گزار ہے۔

ہمیں کمپنی کی مستحکم ترقی کی جانب بڑھنے اور پاکستان کی خوشحالی کے لئے مثبت کردار ادا کرنے اور اپنے اسٹیک ہولڈرز کی فلاح کے لئے عمل کرنے کی صلاحیت پر پورا اعتماد ہے۔

برائے اور منجانب بورڈ آف ڈائریکٹرز

یوسف ایچ مرزا
چیف ایگزیکٹیو آفیسر

کمال اے چنائے
چیئرمین

کراچی 20 اگست 2026